# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز بدھ مورخہ 04 جون 2025ء بوقت دوپہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی

1) **تلاوت قران پاک وترجمہ**

2) **سرکاری کارروائی برائے قانون سازی**

**مجلس قائمہ کی رپورٹ کا پیش ومنظور کیا جانا**

**مجلس قائمہ برمحکمہ داخلہ کی رپورٹ کا پیش ومنظور کیا جانا۔**

i) چیئرپرسن مجلس قائمہ برمحکمہ داخلہ مجلس کی رپورٹ بر "انسداددہشت گری (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء)" ایوان میں پیش کریں گے۔

ii) وزیر برائے محکمہ داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ "انسداددہشت گری (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء)" کو مجلس کی سفارشات کے بموجب فی الفور زیر غور لایا جائے۔

iii) وزیر برائے محکمہ داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ "انسداددہشت گری (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء)" کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے۔

کوئٹہ
مورخہ 03 جون 2025ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

Scanned with CamScanner

# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

## رپورٹ

## مجلس قائمہ برمحکمہ داخلہ

## بابت

"انسداد دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون
مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء)"۔

منجانب:۔ محمد صادق سنجرانی
صدر نشین مجلس قائمہ۔

Scanned with CamScanner

# رپورٹ

# مجلس قائمہ برمحکمہ داخلہ

## بابت

## "انسداد دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء)"

**پس منظر:۔**

مورخہ 26 مئی 2025ء کی اسمبلی نشست میں مذکورہ مسودہ قانون پیش ہوا۔ جناب قائد ایوان کی درخواست پر جناب اسپیکر نے قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 84 کے تحت مجلس ہذا کے سپرد کیا۔ مذکورہ مسودہ قانون پر مجلس کی نشست بروز منگل مورخہ 03 جون 2025ء سہ پہر 04:20 بجے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوئی۔

**شرکاء مجلس:۔**

| | | |
|---|---|---|
| i۔ | جناب محمد صادق سنجرانی، رکن صوبائی اسمبلی | صدر نشین |
| ii۔ | میر سرفراز احمد بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان | رکن بلحاظ عہدہ |
| iii۔ | کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالخالق خان اچکزئی، اسپیکر بلوچستان اسمبلی | خصوصی دعوت |
| iv۔ | جناب عبیداللہ، پارلیمانی سیکرٹری | رکن مجلس۔ |
| v۔ | جناب زرین خان مگسی، پارلیمانی سیکرٹری | رکن مجلس۔ |
| vi۔ | جناب اصغر علی ترین، رکن صوبائی اسمبلی | رکن مجلس۔ |

Scanned with CamScanner

## آفسران:۔

| | | |
|---|---|---|
| i۔ | جناب طاہر شاہ کاکڑ | سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔ |
| ii۔ | جناب زاہد سلیم | ایڈیشنل چیف سیکرٹری، محکمہ داخلہ، حکومت بلوچستان۔ |
| iii۔ | ڈاکٹر پرویز | سیکرٹری برائے محکمہ قانون و پارلیمانی امور |
| iv۔ | جناب عبدالرحمٰن | اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی) بلوچستان صوبائی اسمبلی۔ |
| v۔ | جناب شوکت علی | ایڈیشنل سیکرٹری (محکمہ قانون) |
| vi۔ | جناب سعید اقبال | ایڈیشنل سیکرٹری (محکمہ قانون) |

## آغاز:۔

4۔ نشست کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جس کی سعادت جناب طاہر شاہ کاکڑ سیکرٹری اسمبلی نے حاصل کی ۔ بعد از تلاوت سیکرٹری اسمبلی نے مجلس کو بتایا کہ جب کسی بھی مجلس کی نشست میں Permanent چیئر مین یا چیئر پرسن غیر حاضر ہو تو قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر (2)132 کے تحت مجلس اپنے موجود ارکان میں سے کسی ایک کو اس نشست کے صدر نشین کے فرائض سرانجام دینے کے لئے منتخب کرتی ہے۔

☆ جناب سیکرٹری اسمبلی کی بریفنگ کے بعد اراکین مجلس نے متفقہ طور پر جناب محمد صادق سنجرانی، رکن صوبائی اسمبلی کو مجلس برائے محکمہ داخلہ کی نشست کے لئے عارضی صدر نشین چنا۔

☆ جناب محمد صادق سنجرانی رکن اسمبلی / صدر نیشن نے مجلس کے لئے عارضی صدر نیشن کے چناو پر اراکین مجلس کا شکریہ ادا کیا۔ اور سیکرٹری اسمبلی کو دعوت دی کہ وہ مسودہ قانون "انسداد دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء)" کی بابت مجلس کو آگاہی فراہم کریں۔

☆ جس پر میر سرفراز احمد بگٹی وزیر اعلیٰ بلوچستان جو کہ مجلس قائمہ بر محکمہ داخلہ کے رکن بلحاظ عہدہ ہیں نے صدر نشین سے درخواست کہ وہ مجلس کو بذات خود بریف کریں گے۔ جس پر انہوں نے مجلس کو بریف کرتے ہوئے کہا کہ مسودہ قانون جو محکمہ داخلہ کی جانب سے پیش کیا گیا ہے اس کا Background یہ ہے۔

کہ ہمارے ہاں بلوچستان میں کافی عرصے سے مسنگ پرسنز کا ایشو چل رہا ہے چونکہ یہاں Law and Order کی situation خراب ہے دہشت گردی بہت زیادہ ہے اکثر اوقات سیکورٹی فورسز کارروئیاں کرتی ہیں اور کچھ گرفتاریاں ہوتی ہیں۔ تو پھر establish کیا جاتا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے لوگوں کو مسنگ کردیا ہے اور اکثر لوگ خود روپوش ہوجاتے ہیں اور الزام سیکورٹی فورسز پر لگتا ہے کہ انہیں disappear کردیا ہے۔ اب ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ کم سے کم ہم اپنے اوپر یہ الزام نہیں لینگے کہ اگر CTD یا کسی Intellegence Agency نے کسی کو گرفتار کرنا ہوا تو اس کے لئے ایک حراستی سینٹر بنائیں گے اور انہیں اس سینٹر میں حراست میں رکھیں گے۔ جہاں پر ان کے parents کی ملاقات کرائیں گے اور ورثا کو معلوم ہوگا کہ اس کا بچہ کہاں پر ہے۔ اور باقاعدہ طور پر مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اور اس میں یہ detail بھی موجود ہے کہ ہائی کورٹ کا جج فیصلہ کرے گا۔ کہ اس کی حراست کی معیاد کو مزید extention کتنی دینی ہے۔

☆ صدر نشین جناب محمد صادق سنجرانی صاحب نے وزیر اعلیٰ بلوچستان رکن بلحاظ عہدہ کی جانب سے "انسداد دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء) کی بابت تفصیلی بریفنگ کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے اچھی اور کیا تجویز ہوسکتی ہے۔ چونکہ بلوچستان کے لوگوں کا کافی عرصے سے demand ہی یہی تھی۔

☆ مجلس نے کافی غور وخوض اور سیر حاصل بحث کے بعد " محکمہ داخلہ کی جانب سے پیش کردہ مسودہ قانون "انسداد دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء) کو من وعن منظور کرنے سفارش کی۔ اور ساتھ ہی ہدایت کی اسمبلی سیکرٹریٹ اور محکمہ قانون حکومت بلوچستان مذکورہ مسودہ قانون کے Structure, Alignment اور patent errors درست کرے۔

مجلس قائمہ کی نشست کے اختتام پر جناب اصغر علی ترین، رکن مجلس قائمہ برمحکمہ داخلہ کی غیر رسمی نشست میں تشریف لائے اور مذکورہ مسودہ قانون پر اپنی اختلافی رائے جمع کرنے کی درخواست کی جس پر صدر نشین نے مجلس کی مشاورت سے ان کی درخواست قبول کرتے ہوئے سیکرٹری اسمبلی کو ہدایت کی وہ انکی اختلافی رائے کو روائیداد مجلس اور رپورٹ کا حصہ بنائیں۔

Scanned with CamScanner

جناب صدر نشین کی ہدایت پر جناب اصغر علی ترین، رکن مجلس کی جانب سے جمع کی گئی اختلافی رائے رپورٹ ہذا کے ساتھ لف ہے۔

☆ لہذا مجلس کی رپورٹ بمعہ "انسداد دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025ء) ایوان میں برائے ملاحظہ ومنظوری پیش خدمت ہے۔

Sd/-

(محمد صادق سنجرانی)

صدر نشین مجلس قائمہ برمحکمہ داخلہ

اختلافی نوٹ برائے انسداد دہشت گردی ترمیمی بل 2025ء

اس سلسلے میں کمیٹی کے سامنے یہ اختلاف رکھنا چاہتا ہوں کہ آج
اس ترمیمی بل کو فائنل نہ کیا جائے کیونکہ اس میں باقی ممبران بشمول
چیئرپرسن صاحبہ حاضر نہیں ہیں۔ یہ عرض ہے کہ اس بل پر ایک اور
نشست بلائی جائے تاکہ اس پر سیر حاصل بحث ہو اور اچھی
سفارشات مرتب کی جا سکیں۔

(اصغر علی ترین)
رکن صوبائی اسمبلی
چیئرمین PAC

03/06/2025

# BALOCHISTAN PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT.

**The Anti-Terrorism (Balochistan Amendment) Bill, 2025.**
**(Bill No.18 of 2025.)**

**A**

**Bill**

*further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 (Act No. XXVII of 1997).*

**Preamble.** WHEREAS, it is expedient further to amend the Anti- terrorism Act, 1997 (Act No. XXVII of 1997), in the manner hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

**Short title and commencement:** **1.** (1) This Act may be called as the Anti-Terrorism (Balochistan Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

(3) It shall have effect to the extent of Balochistan Province.

**Amendment of Section-2, Act No. XXVII of 1997.** **2.** In the Anti-terrorism Act, 1997 (Act No. XXVII of 1997), hereinafter referred to as the said Act, in section 2, after clause (m), the following new clause shall be inserted:-

"(ma) **"Intelligence agencies"** means the intelligence agencies notified by the Government through a notification issued from time to time."

**Insertion of new section 11-EEEE.** **3.** In the said Act, after section "11-EEE", the following new section "11-EEEE" shall be inserted:-

**"11-EEEE. Preventive Detention for Inquiry.**

(1) The Provincial Government or any Detaining Authority duly notified by the Government in this behalf in the official gazette, or where the provisions of section 4 have been invoked, the armed forces or civil armed forces, or intelligence agencies as the case may be, subject to the specific or general order of the Government in this regard, for a period not exceeding three months and after recording reasons thereof, issue order for the preventive detention of any person who has been concerned in any offence under this Act relating to the security of Province or defence of Pakistan or any part thereof, attacks on law Enforcement Agencies, installing & detonating IEDs, damage to vital installations, or any part thereof, or public order relating to target killing, kidnapping for ransom, sectarian attacks on minorities, ethnically motivated killings, facilitating/aiding & abetting criminals involved in acts of terrorism and extortion/bhatta, or the maintenance of supplies or services, or against whom a reasonable complaint has been made or credible information has been received, or a reasonable suspicion exists of his having been so concerned, for purpose of inquiry:

Provided that the detention of such person, including any extension beyond the initial three months period, shall be subject to the provisions of Article 10 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

(2) The inquiry under sub-section (1) shall be conducted by a police officer not below the rank of Superintendent of Police or through a Joint Interrogation Team (JIT) notified by the Government comprising a police officer not below the rank of Superintendent of Police and officers of other investigation agencies and the powers of the inquiry officer will be vested as per section 5 of the Federal Investigation Agency Act, 1974 (VIII of 1975):

Scanned with CamScanner

Provided that where the detention order is issued by the armed forces or civil armed forces under sub-section (1), the inquiry shall be conducted by a JIT consisting of members of the armed forces or civil armed forces, as the case may be, intelligence agencies and other law enforcement agencies, including a police officer not below the rank of Superintendent of Police.

(3) The provisions of sub-sections (1) and (2) shall remain in force for such period as may be notified by the Government from time to time:

Provided that such period shall not exceed six (6) years from the commencement of the Anti-Terrorism ( Balochistan Amendment) Act, 2025, and may be extended once for a further period of two years by the Government of Balochistan through notification in the official Gazette.

(4) During the course of inquiry, the concerned police officer not below the rank of Superintendent of Police or equivalent officer of law enforcement agencies, or a member of the JIT, as the case may be, shall be vested with all powers relating to search, arrest, and seizure of property and other materials relevant to the offence. Such officers shall exercise all powers available to a police officer under the Code of Criminal Procedure, 1898, or any other applicable law for the time being in force:

Provided that the detainee may be confined in a detention / rehabilitation / de-radicalization center notified by the Government and may, upon a written request by the investigating agency or investigating officer and with the prior approval of the Detaining Authority, be handed over to any law enforcement agency for the purpose of investigation, if he is alleged to be involved in any scheduled offence under this Act or any other cognizable offence under any law for the time being in force.

(5) The Provincial Government, or any officer authorized in this behalf, may issue a detention order in respect of each individual, who shall be confined in the designated detention center as prescribed under the rules.

(6) Any person detained under this section shall be provided facility of medical checkup / treatment as may be prescribed by rules.

(7) The Provincial Government may, by notification, designate an appropriate officer to act as the in-charge of the detention center / rehabilitation / de-radicalization center.

(8) The Detaining Authority may, either on its own or on the written request of the person confined or his relatives, may withdraw the order of interment:

Provided that the Detaining Authority shall examine the request made under this section and depute a suitable officer or officers to inquire into the offence attempted or committed, previous and present conduct, impact of counseling, background and affiliations of the person detained and accordingly submit its report:

Provided further that the Detaining Authority may, based on the report referred to herein above and material produced before it through whatsoever sources, pass a suitable order in writing whereby it may,—

(a) turn down the request for the time beings; or

(b) accept the request unconditionally or with certain conditions as it may deem expedient and may also take an undertaking or guarantee from the family or a notable member of the community.

(9) The officer in-charge of the detention / rehabilitation / de-radicalization center shall maintain a proper register and records of

Scanned with CamScanner

all detainees, in the form and manner prescribed by the Provincial Government.

(10) The Provincial Government shall notify Oversight Board(s), comprising two civilians, two military officers, a psychiatrist, and a criminologist, under the chairmanship of ACS Home or any other officer(s) duly nominated and authorized by the Chief Minister, to assess the case of each detainee and his ideological disposition and mental, physical, and psychological condition during detention, and recommend, where necessary, transfer to a rehabilitation / de-radicalization centers duly established by the Government. The Oversight Board shall also periodically review the case of each detainee and prepare a report for consideration of the Provincial Government.

(11) The Oversight Board(s) shall periodically review the conditions of detention / rehabilitation / de-radicalization centers and recommend suitable action for consideration of the Provincial Government.

(12) The Oversight Board(s) may also take notice of any complaint or information in respect of any degrading treatment of any person detained or any torture or any in-dignified treatment and in this regard carry out any inquiry in the matter and where necessary recommend suitable departmental action against the official concerned.

(13) The Oversight Board(s) shall also be responsible to impart training and awareness regarding human rights standards and laws applicable on the conduct of preventive detention, rehabilitation and de-radicalization, under this section to all the concerned and officials of the Detaining Authority.

(14) The Provincial Government may, by notification in the official Gazette, frame rules for regulating the procedure and conditions of preventive detention, including provisions relating to the welfare, nutrition, medical care, religious observance, visitation rights, counseling, psychological rehabilitation, and de-radicalization programs for detainees confined in detention / rehabilitation / de-radicalization centers."

Scanned with CamScanner